# علاقائی خبریں

01 ستمبر 2026

1:10 P.M.

بھارت کی حقیقی مجموعی گھریلو پیداواریعنی (جی ڈی پی) نے مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی میں 7.8 فیصد کی ترقی درج کی ہے۔ یہ شرح نمو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 6.9 فیصد تھی۔ عالمی اقتصادی چیلنجوں کے باوجود بھارتیہ معیشت کی شرح نمو مضبوط ہے۔ وزارت کے سکریٹری سوربھ گرگ نے کہا کہ تمام شعبوں میں ترقی انتہائی مثبت ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے جی ڈی پی کی ترقی کو ایک بڑی کامیابی قرار دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت مسلسل نئے ریکارڈ قائم کر رہا ہے اور ایک مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ بھارت کی طرف اعتماد کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

.................................................

بھارت کو چپ مینوفیکچرنگ کا مرکز بنانے کے لیے، حکومت نے ₹ 127,000 کروڑ کی لاگت کے ساتھ سیمی کون اسکیم کے دوسرے مرحلے کا نوٹیفکیشن کیا ہے۔ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹکنالوجی کے وزیر اشونی وشنو نے کل نئی دہلی میں کہا کہ بھارت میں ترقی پذیر سیمی کنڈکٹر ماحولیاتی نظام سے بھی براہ راست روزگار پیدا ہونے کی امید ہے۔

.................................................

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی موجودگی میں ریلوے کے وزیر اشونی وشنو نے کل بہرائچ میں نیپال گنج روڈ-نانپارہ-بہرائچ ریل سیکشن کا ورچوئل طور پر افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اس سیکشن پر نیپال گنج روڈ سے وارانسی

شہر جانے والی خصوصی ٹرین کو بھی ہری جھنڈی دکھائی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نئے ریل سیکشن اور ٹرینوں کے ذریعے فراہم کردہ رابطہ نہ صرف ریاست کے سرحدی علاقوں کی سلامتی اور سہولت کے لیے بلکہ پورے خطے کی خوشحالی کے لیے بھی اہم ہے۔

बाइट.............

تقریب کے دوران وزیر اعلیٰ نے نیپال کے سانحہ میں اپنی جانیں گنوانے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

ریلوے کے وزیر اشونی وشنو نے کہا کہ اس نئے ریل سیکشن کے کھلنے سے مسافروں کی نقل و حرکت میں آسانی ہوگی اور علاقائی ریل رابطے اور ترقی کو فروغ ملے گا۔ جناب وشنو نے کہا کہ گیج کی تبدیلی سے نانپارہ، مٹیرا ، رسیا، بہرائچ، ببھنان، اور نیپال گنج بڑے ریلوے نیٹ ورک سے منسلک ہو جائیں گے۔ انہوں نے نیپال میں قدرتی آفت سے متاثرہ خاندانوں سے اظہار تعزیت کیا۔

बाइट.............

.....................................................

کوشامبی کے پورامفتی تھانہ علاقے کے تحت محمد پور گاؤں میں کل ایک پٹاخے کی فیکٹری میں زبردست دھماکے میں گیارہ افراد ہلاک اور پانچ دیگر شدید زخمی ہو گئے۔ حادثے کے وقت فیکٹری میں بیس مزدور کام کر رہے تھے۔ پولیس، فضائیہ، این ڈی آر ایف اور ایس ڈی آر ایف کے تقریباً 200 اہلکار راحت اور بچاؤ کاموں میں مصروف ہیں۔ ضلع مجسٹریٹ ڈاکٹر امیت پال نے بتایا کہ زخمیوں کا علاج کیا جا رہا ہے ۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے اس المناک واقعہ پر غم کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم نے مرنے والوں کے لواحقین کو 2-2 لاکھ روپے اور زخمیوں کو 50-50 ہزار

روپے کی مالی امداد کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے بھی مہلوکین کو 2-2 لاکھ روپے اور زخمیوں کو 50-50 ہزار روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے۔

..............................................

ریاست میں جاری بارش اور ڈیموں سے پانی چھوڑنے کی وجہ سے 17 اضلاع میں 170,000 سے زیادہ لوگ سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں۔ وارانسی میں گنگا ندی کی آبی سطح مسلسل بڑھ رہی ہے، جس کی وجہ سے گنگا کے کنارے کئی علاقوں میں پانی گھروں میں داخل ہو گیا ہے۔ اے سی پی دشاشوامیدھ گھاٹ، اتل انجان ترپاٹھی نے بتایا کہ انتظامیہ نے سیلاب سے متعلق امدادی چوکیاں قائم کی ہیں اور ڈرون کے ذریعے صورتحال کی نگرانی کی جا رہی ہے ۔

اس درمیان چترکوٹ کے رام گھاٹ پر منداکنی ندی خطرے کے نشان پر پہنچ گئی ہے۔ جمنا ندی کی آبی سطح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس سے راجا پور اور مؤ کے درجنوں دیہات سیلاب کے خطرے سے دوچار ہیں۔

محکمہ موسمیات نے آج ریاست میں موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ نتیجتاً ضلع انتظامیہ نے جونپور اور چندولی میں آٹھویں جماعت تک کے اسکولوں کو بند کر دیا ہے۔

..............................................